Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | جمعۃ المبارک، 14 نومبر 2025ء، 22 جمادی الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 221

ماحول دوستی مشن گلوبل گرین گروتھ انسٹیٹیوٹ کا پنجاب حکومت سے شراکت داری پر اتفاق

وزیر اعلیٰ پنجاب سے گلوبل گرین گروتھ انسٹیٹیوٹ کے ڈائریکٹر جنرل کم سینگ ہاپ کی ملاقات، مریم نواز کے موسمیاتی بہتری کے اقدامات کو کاربن کریڈٹس میں تبدیل کرکے گرین گروتھ پروجیکٹس بنانے کی پیشکش

ملاقات میں ماحولیاتی تبدیلیوں کے خطرات کے مقابلے کے حوالے سے امور پر تبادلہ خیال، کوپ 30 سے وزیر اعلیٰ مریم نواز کے خطاب کی تعریف، ماحولیاتی بہتری کے ویژن کو آگے بڑھانا ہمارے لیے اہم ہے: مریم نواز

اسٹیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان پنجاب یونیورسٹی میں منعقد صفائی سمسٹ 2025 سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے "گلوبل گرین گروتھ انسٹیٹیوٹ" کے ڈائریکٹر جنرل کم سینگ ہاپ (Kim Sang-hyup) نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ماحولیاتی بہتری کے عالمی اتحاد "گلوبل گرین گروتھ انسٹی ٹیوٹ" کا حلقہ دوستی کے مشن میں پنجاب حکومت سے شراکت داری پر اتفاق کیا گیا۔ جی (بقیہ نمبر 4)

بھارت اور افغان رجیم دہشتگردوں کی پشت پناہی کر رہے ہیں

پاکستان اپنی قومی سلامتی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریگا

دہشتگردوں اور انکے سہولتکاروں کو ہر صورت کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، عظمیٰ بخاری

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پاکستان اپنی قومی سلامتی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی کمپرومائز نہیں کریگا۔ دہشتگردوں اور انکے سہولتکاروں کو ہر صورت کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ بھارت اور (بقیہ نمبر 3)

گزشتہ 24 گھنٹوں میں مزید 5 افراد ڈینگی کا شکار

کیسز میں نمایاں کمی ضلعی ٹیموں کے مربوط آپریشنز اور بروقت ردعمل سے ممکن ہوئی، ڈپٹی کمشنر عرفان یمین

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 5 افراد ڈینگی کا شکار ہوگئے۔ ضلعی انتظامیہ کے سامنے آیا۔ حکام نے بتایا کہ سلام آباد (بقیہ نمبر 7)

مطابق دیگر علاقوں سے 4 جبکہ شہری علاقے سے ایک کیس

آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت میٹنگ

پولیس کے آپریشنل معاملات، ٹیکنالوجی کے موثر استعمال اور شہریوں کو بہتر سروس ڈیلیوری سے متعلق امور پر مشاورت

اسلام آباد (این ای این) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت میٹنگ میں پولیس کے آپریشنل معاملات، ٹیکنالوجی کے موثر استعمال اور شہریوں کو بہتر سروس ڈیلیوری سے متعلق امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ (بقیہ نمبر 6)

آئی ایم ایف سے قسط ملنے کی راہ ہموار ہوگئی

پاکستان کیلئے 1.2 ارب ڈالر کی قسط کی منظوری کابینہ فنانسنگ کی مد میں بھی 20 کروڑ ڈالر جاری کئے جائیں گے

واشنگٹن (این ای این) عالمی مالیاتی فنڈ سے قسط کے ملنے کی راہ ہموار ہوگئی، پاکستان کیلئے آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ اجلاس 8 دسمبر کو طلب کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ اجلاس میں (بقیہ نمبر 5)

منقدہ کوپ 30 کانفرنس کے دوران وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی گلوبل گرین گروتھ انسٹیٹیوٹ کے ڈائریکٹر جنرل کم سینگ ہاپ سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

27 ویں ترمیم کی اضافی شقیں سینیٹ سے بھی منظور، صدر مملکت کے 27 ویں آئینی ترمیم بل پر دستخط، وفاقی کابینہ کی ملٹری قوانین میں ترامیم کی منظوری

آرمی چیف کے چیف آف ڈیفنس فورسز مقرر

آج سے چیف آف ڈیفنس فورسز کے عہدے کی مدت 5 برس ہوگی، جوائنٹ چیف آف اسٹاف کمیٹی کی جگہ کمانڈر آف تھیٹرل اسٹریٹیجک کمانڈ کا عہدہ شامل، قومی اسمبلی سے ایئر فورس اور نیوی میں بھی ترامیم منظور

سپریم کورٹ پر پکٹیس اینڈ پروسیجر ترمیمی بل بھی کثرت رائے سے منظور، مجوزہ آرمی ایکٹ کے مطابق 27 نومبر سے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کا عہدہ ختم ہوجائے گا، وزیر قانون اعظم نذیر

اسلام آباد (این ای این) قومی اسمبلی نے 27 ویں آئینی ترمیم کے بعد آرمی ایکٹ 2025 کی منظوری دے دی۔ مجوزہ آرمی ایکٹ کے مطابق آرمی چیف کا بطور چیف آف ڈیفنس فورسز نیا نوٹیفکیشن جاری ہوگا، تاہم فوج کے تمام شعبوں کی ری اسٹرکچرنگ اور نوٹیفکیشن کے بعد آرمی چیف کی مدت دوبارہ شروع ہوگی، آرمی چیف، چیف آف ڈیفنس فورسز اور پاک فوج کے تمام شعبوں کی ری اسٹرکچرنگ اور نوٹیفکیشن کے بعد آرمی چیف کی مدت دوبارہ انعام کریں گے۔ (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد (این ای این) وفاقی کابینہ نے پاکستان آرمی ایکٹ، پاکستان ایئر فورس ایکٹ اور پاکستان نیوی ایکٹ میں ترامیم کی منظوری دے دی۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس، (بقیہ نمبر 6)

صدر مملکت نے 27 ویں آئینی ترمیم پر دستخط کر دیے

اسلام آباد (این ای این) صدر مملکت آصف علی زرداری نے 27 ویں آئینی ترمیم پر دستخط کردیے، صدر پاکستان کے دستخط سے 27 ویں ترمیم آئین کا حصہ بن (بقیہ نمبر 9)

ہمیں سکول کی سطح پر مصنوعی ذہانت کو متعارف کرانا ہوگا، ملک محمد احمد

مصنوعی ذہانت زندگی کے ہر شعبے کو متاثر کررہی ہے، اسٹیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (این ای این) اسٹیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا کہ دنیا بھر میں ترقی یافتہ ممالک مصنوعی ذہانت سے استفادہ کر رہے ہیں، ہمیں بھی سکول کی سطح پر اسے متعارف کرانا ہوگا۔ وہ پنجاب یونیورسٹی ڈیپارٹمنٹ آف میڈیا اینڈ ڈیجیٹل کمیونیکیشن (بقیہ نمبر 8)

حکام کی اسلام آباد میں جدید سلاٹر ہاؤس کے قیام پر بریفنگ

سلاٹر ہاؤس منصوبے کا مقصد بڑے شہروں میں اعلیٰ، معیاری اور صحتمند گوشت کے اصولوں کے عین مطابق گوشت کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے

منصوبہ بڑے شہروں میں اعلیٰ معیار کے گوشت کی فراہمی کیساتھ گوشت بیرون ملک ایکسپورٹ کرنے کیلئے معاون ثابت ہوگا، محمد علی رندھاوا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین ڈپوٹیشن اتھارٹی (سی ڈی اے) اسلام آباد محمد علی رندھاوا اور کنسٹرا راولپنڈی انجینئرز ہیڈ آفس میں میڈیا بورڈ کے اجلاس کی مشترکہ صدارت کی۔ اجلاس میں سی ڈی اے بورڈ کے عامر خٹک نے جھرات کے روزی ڈی اے ہیڈ آفرز میں میڈیا بورڈ کے ممبر پلاٹ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد (بقیہ نمبر 2)

27 ویں ترمیم سے جسٹس منصور اور جسٹس اطہر من اللہ مستعفی

عدلیہ کی آزادی پامال

27 ویں آئینی ترمیم آئین پاکستان پر سنگین حملہ، جمہوریت پر کاری ضرب ہے، سپریم کورٹ کو فلکو کے حوالے کردیا ہے، جسٹس منصور

ججوں کا لباس آخری بار اتارتے ہوئے سپریم کورٹ جج کے عہدے سے رسمی استعفیٰ پیش کرتا ہوں جو فوری طور پر موثر ہوگا، جسٹس اطہر

اسلام آباد (این ای این) سپریم کورٹ کے جسٹس سید منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ نے اعلیٰ دسہ یاد۔ دھوں جوڑے نے سپریم کورٹ سے اپنے چیمبر بھی خالی کردیے، جسٹس منصور علی شاہ کا اسٹعفیٰ پانچ صفحات پر مشتمل ہے۔ سپریم کورٹ کے جج جسٹس سید منصور علی شاہ نے اپنا اسٹعفیٰ صدر مملکت آصف علی زرداری کو بھجوا دیا ہے، اس ترمیم نے ہماری آئینی جمہوریت کی روح پر کاری ضرب (بقیہ نمبر 8)

جج جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ 27 ویں آئینی ترمیم نے عدلیہ کو حکومت کے ماتحت بنا دیا ہے، اس ترمیم نے ہماری آئینی جمہوریت کو ہے اپنے استعفیٰ میں سپریم کورٹ کے سینئر ترین

کالعدم ٹی ایل پی کی جائیدادیں اور اثاثے منجمد کرنے کا حکم

جائیدادوں، ہاتھوں کی تفصیلات جمع کرکے 15 نومبر تک محکمہ کا رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

لاہور (این ای این) پنجاب حکومت نے کالعدم تحریک لبیک پاکستان کی تمام جائیدادیں اور اثاثے منجمد کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔ محکمہ داخلہ پنجاب (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ کیلئے ڈاکٹر صدق ملک پاکستان میں کینیڈا ہائی کمشنر طارق علی خان سے ملاقات کر رہے ہیں۔

سموگ کے خاتمے کیلئے کرول جنگل میں 10 ہزار پودے لگا دیئے گئے

شجرکاری مہم کو سائنسی، سماجی اور مذہبی جذبے کے امتزاج کے ساتھ فروغ دیا جا رہا ہے

لاہور (این ای این) صوبائی دارالحکومت میں سموگ اور فضائی آلودگی کے خاتمے کیلئے محکمہ جنگلات کی جانب سے لیپٹس پارٹنرشپ کے تحت کرول جنگل میں دس (بقیہ نمبر 2 5)

مینوئل اسلحہ لائسنس کے حوالے سے حکومت پنجاب کا بڑا فیصلہ

انفرادی، ادارہ جاتی اور سکیورٹی کمپنیوں کے مینوئل اسلحہ لائسنسز کی ری ویلیڈیشن و کمپیوٹرائزیشن کا عمل روک دیا گیا

حکومت پنجاب نے مینوئل اسلحہ لائسنس کے حامل شہریوں اور اداروں کو کمپیوٹرائزیشن کیلئے مارچ 2026 تک کا وقت دیا تھا

لاہور (این ای این) مینوئل اسلحہ لائسنس کی کمپیوٹرائزیشن کے حوالے سے حکومت پنجاب نے بڑا فیصلہ سامنے آیا ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے پرانے مینوئل اسلحہ لائسنس کی توثیق اور کمپیوٹرائزیشن کا عمل روک دیا ہے۔ حکومت پنجاب نے مینوئل اسلحہ لائسنس کے حامل شہریوں اور اداروں کو کمپیوٹرائزیشن کیلئے مارچ 2025 تک کا وقت دیا تھا۔ حکومت پنجاب نے آخری موقع فراہم کیا تھا۔ حکومت پنجاب نے اٹھارہ ماہ گزرنے کے بعد انفرادی، ادارہ جاتی اور سکیورٹی کمپنیوں کے مینوئل اسلحہ لائسنسوں کی ری ویلیڈیشن و کمپیوٹرائزیشن کا عمل معطل کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں (بقیہ نمبر 2 6)

دو جڑواں بچے پراسرار طور پر جاں بحق، تحقیقات شروع

گائے کا دودھ پلانے کے ایک گھنٹے بعد بچے دم توڑ گئے، اہل خانہ

کاسوکی (این ای این) کاسوکی میں اچانک دو جڑواں بچے پراسرار طور پر جاں بحق ہوگئے۔ واقعہ تھانہ واہنڈو کے علاقہ گھگی میں پیش آیا۔ پولیس کے مطابق محمد نذیب کے دونوں بچوں کی عمر تقریباً ڈیڑھ ماہ تھی۔ اہل خانہ کے مطابق گائے کا دودھ پلانے کے ایک گھنٹے بعد بچے دم توڑ گئے۔ فرانزک کے لئے شواہد اکٹھے کر لئے گئے ہیں۔ ڈی ایس پی کے علاقہ گھگی میں پیش آیا۔ پولیس کے مطابق ملاقات اور عدل انصاف (بقیہ نمبر 2 7)

شہریوں کے گھروں کو گروی رکھوا کر لاکھوں روپے بتھیانے والا گینگ گرفتار

لاہور (این ای این) تھانہ کاہنہ کے علاقے میں شہریوں کے گھروں کو گروی رکھوا کر لاکھوں روپے بتھیانے والا گینگ گرفتار کر لیا گیا۔ تھانہ ماڈل ٹاؤن میں میڈیا نمائندوں سے پولیس کانفرنس کرتے ہوئے ایس پی ماڈل ٹاؤن انڈسٹری کیفین ڈاکٹر ایاز (بقیہ نمبر 8)

جسٹس صلاح الدین کا چیف جسٹس کو خط، فل کورٹ بلانے کا مطالبہ

بطور احتجاج نہیں، اپنا فرض سمجھتے ہوئے خط لکھ رہا ہوں، فل کورٹ میٹنگ بلا کر آئینی ترمیم کا شق وار جائزہ لیا جائے، جسٹس صلاح الدین

عدلیہ کی آزادی کو یقینی بنانے کا حکم دیا جائے، سپریم کورٹ میں 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف ایک اور درخواست دائر کردی گئی

اسلام آباد (این ای این) سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ کے بعد سپریم کورٹ کے جسٹس صلاح الدین پنہور نے بھی چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کو خط لکھ کر 27 ویں آئینی ترمیم پر فل کورٹ بلانے کا مطالبہ کردیا۔ پارلیمنٹ سے 27 ویں آئینی ترمیم کی منظوری کے بعد جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ کے بعد سپریم کورٹ کے جسٹس صلاح الدین پنہور نے چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کو خط لکھ دیا۔ خط میں 27 ویں آئینی ترمیم کی منظوری پر چیف جسٹس سے فل کورٹ بلانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ خط میں جسٹس صلاح الدین پنہور نے کہا کہ (بقیہ نمبر 2 9)

لاہور: گورنر پنجاب ریر ایڈمرل حیدر خان آئی ایم آر اے فیصلہ کے زیر اہتمام ایس پی (سٹیٹ پکاش) دیوان بہادر سکھا ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا فیلڈ میں متحرک

ریڈ زون سمیت شہر کے مختلف چیکنگ پوائنٹس کا دورہ، سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا

سکیورٹی کے فرائض پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات، ہدایات جاری

اسلام آباد (این ای این) ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا فیلڈ میں متحرک ہوگئے، ایس ایس پی آپریشنز نے ریڈ زون سمیت شہر کے (بقیہ نمبر 2 0) کیپٹن (ر) عاصی علی رضا فیلڈ میں متحرک

راولپنڈی پولیس کے سب انسپکٹر نوشیروان عادل خالق حقیقی سے جا ملے

متوفی ایس ایچ او کی نماز جنازہ ادا کی گئی، آبائی گاؤں موہڑہ حیات علاقہ قاضہ جاتی میں ادا کی جائے گی

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی پولیس کے سب انسپکٹر نوشیروان عادل خالق حقیقی سے جا ملے، سب انسپکٹر نوشیروان عادل دشمنی کے مرض میں مبتلا تھے اور ہسپتال (بقیہ نمبر 2 1)

راولپنڈی: وفاقی وزیر اعلیٰ چیئرمین پی پی بی محسن نقوی، راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پریکٹس کیلئے موجود جیری لٹن کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں سے ملاقات کر رہے ہیں

مارکیٹ میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو عام آدمی کی رسائی

بھرپور ریلیف کی فراہمی دینا اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات

چکوال (این ای این) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کہا ہے کہ مارکیٹ میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو عام آدمی کی رسائی میں رکھنا بھرپور پالیسی کے فراہمی دینا حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے ضلع چکوال میں اشیائے ضروریہ کے نرخوں کو مقررہ سطح پر رکھنے (بقیہ نمبر 2 2)

راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز

56 غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں سمیت ایک اشتہاری کو حراست میں لیا گیا

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کے دوران 56 غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں سمیت ایک اشتہاری کو حراست میں (بقیہ نمبر 2 3)

افغانستان کی تجارتی تندش کسی نعمت سے کم نہیں، خواجہ آصف

تجارت بند کرنا یہ افغانستان کا اندرونی معاملہ ہے، اس فیصلے سے پاکستان کو کوئی معاشی نقصان نہیں ہوگا

افغانستان سے آمد و رفت کم ہوگی تو پاکستان میں دہشتگردی بھی کم ہوگی، وزیر دفاع کا ملالہ برادر کے بیان پر ردعمل

اسلام آباد (این ای این) خواجہ آصف نے افغان نائب وزیر اعظم برائے اقتصادی امور ملا عبدالغنی برادر کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ افغانستان کا اندرونی معاملہ ہے اور اگر وہ اپنے لیے سستی راہداری حاصل کرتے ہیں تو پاکستان کے لیے یہ کسی نقصان کے بجائے ایک

ریفیلف کی بات ہوگی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق خواجہ آصف نے کہا کہ چاہ بال کراچی پورٹ سے افغانستان کے لیے (بقیہ نمبر 1 1)

اسلام آباد دھماکے میں ملوث 7 مشتبہ سہولت کار گرفتار

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی کے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے 7 مشتبہ افراد کو گرفتار کیا جن پر الزام ہے کہ انہوں نے 11 نومبر کو اسلام آباد کی جوڈیشل کمپلیکس میں دھماکے والے خودکش حملے میں سہولت کاری کی تھی۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 2 2)

کیڈٹ کالج واہ پر حملہ کرنے والے تمام دہشت گرد افغان شہری نکلے

اسلام آباد (این ای این) کیڈٹ کالج واہ پر حملہ کرنے والے تمام دہشت گرد افغان شہری نکلے، دہشت گردی کی منصوبہ بندی بھی افغانستان میں کی گئی اور اس کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کا حتمی حکم فتح الفواح نے سرفہ غازی نور ولی محسود نے دیا۔ (بقیہ نمبر 3)

وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ کو وزیر ٹریولیٹ کے دفتر سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیر داخلہ محسن نقوی سے بحرین کے ہم منصب کا ٹیلیفونک

اسلام آباد میں دہشت گرد حملے کی سخت الفاظ میں مذمت

اسلام آباد (این ای این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے بحرین کے ہم منصب لیفٹیننٹ جنرل راشد بن عبداللہ الخلیفہ نے ٹیلیفونک رابطہ کیا، بحرین کے وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل راشد بن عبداللہ الخلیفہ نے اسلام آباد میں دہشت گرد حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بحرینی (بقیہ نمبر 4)

بیونیس آئرس: افغانستان سے حملہ ہوا اور ہم چپ بیٹھ جائیں، وزیر داخلہ

فیلڈ مارشل عاصم منیر نے پاکستان اور سری لنکا کے درمیان مذاکرات میں کردار ادا کیا، محسن نقوی

ٹی لنکا کرکٹ بورڈ نے گزشتہ رات دیر گئے اعلان کیا کہ اس کی ٹیم کا پاکستان کا جاری دورہ حسب معمول جاری رہے گا

اسلام آباد (این ای این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ افغانستان کے اندر کارروائی سے متعلق حتمی فیصلہ کریں گے، یہ نہیں ہوسکتا افغانستان سے حملے ہوں اور ہم چپ بیٹھ جائیں۔ بیونیس آئرس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر محسن نقوی نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے پاکستان اور سری لنکا کے درمیان مذاکرات میں کردار ادا کیا جس کے نتیجے میں سری لنکا کی کرکٹ ٹیم نے اسلام آباد میں جاری قیام برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل نے خود سری لنکا کے وزیر دفاع سے بات کی اور انہیں قائل کیا کہ انہیں عملی طور پر سیکیورٹی کی یقین دہانی کروائی۔ انہوں نے کہا کہ سری لنکا کرکٹ بورڈ نے گزشتہ رات دیر گئے اعلان کیا کہ اس کی ٹیم کا پاکستان کا جاری دورہ حسب معمول جاری رہے گا، جس سے ایک تکلیف دہ بحران ٹل گیا۔ بیونیس میں خطاب کے دوران وفاقی وزیر داخلہ نے یاد دلایا کہ (بقیہ نمبر 1 5)

صوبائی وزیر صحت چیئرمین بلڈ ایمرجنسی ریلیف سیل برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ میں علماء و مدارس کے وفد سے ملاقات کرنے کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

برازیل کے شہر بیلم میں منعقد کوپ 30 کانفرنس کے دوران وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی گلوبل گرین گروتھ انسٹیٹیوٹ کے ڈائریکٹر جنرل کم سینگ ہاپ سے ملاقات میں سرمایہ گزاری پر بات چیت کیا جا رہا ہے

مریم نواز کا کمزور کے پاکستان کے بچانے کے جان بچی ہونے پر گہرے دکھ کا اظہار

لاہور (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لشتر کالونی میں کشتی گر کر پانچ سالہ بچی کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سوگوار خاندان سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے افسوسناک واقعے پر نوٹس (بقیہ نمبر 1 0)

خودکش دھماکے کے بعد فیڈرل جوڈیشل کمپلیکس کھول دیا گیا

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد کچہری میں خودکش دھماکے کے بعد جمعرات کو فیڈرل جوڈیشل کمپلیکس کھول دیا گیا۔ دکانوں اور سائلین کی بڑی تعداد کچہری پہنچ گئی، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کچہری میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے۔ دکانوں کے کلرکس کو آفیشل کارڈ دکھانے پر، جبکہ سائلین (بقیہ نمبر 19)

لاہور: گورنر پنجاب مرد ایڈمرل حیدر خان آئی ایم آر اے فیصلہ کے زیر اہتمام ایس پی (سٹیٹ پکاش) دیوان بہادر سکھا ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

گورنر پنجاب کا ہاکی ٹیموں کو بھرپور سپورٹ کا یقین

ہاکی کے کھیل کو فروغ دینا ہمارا مشن ہے، ہاکی کے کھیل کو فروغ دینا ہمارا مشن ہے، گورنر پنجاب

لاہور (این ای این) گورنر پنجاب مرد ایڈمرل حیدر خان نے کہا کہ ہاکی کے کھیل کو فروغ دینا ہمارا مشن ہے، ہاکی کے کھیل کو فروغ دینا ہمارا مشن ہے، گورنر پنجاب نے کہا کہ

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے باک آواز
ABC WEEKLY
ہفت روزہ عوامی للکار راولپنڈی
ہفت روزہ عوامی للکار کراچی
ہفت روزہ عوامی للکار ملتان

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پاکستان میں موسمیاتی تبدیلی کے سنگین خطرات

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کا سنگین خطرہ درپیش ہے، عالمی تعاون کے بغیر چیلنجز سے نمٹنا ناممکن ہے۔ پاکستان کا کاربن اخراج میں حصہ نہ ہونے کے برابر ہے، لیکن پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہو رہا ہے، چیلنجز سے عہدہ برآ ہونے کیلئے کثیر الجہتی اداروں کو مضبوط کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی تعاون اور نفاذ کے مؤثر نظام کے بغیر چیلنجز سے نمٹنا ممکن نہیں۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے برازیل کے شہر بیلیم میں کوپ 30 میں پاکستانی پویلین کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ سموگ کے خاتمے کیلئے بجٹ 94 ارب سے بڑھا کر 123 ارب روپے کر دیا ہے۔ پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے دس ممالک میں شامل ہے۔ پاکستان کا گلوبل ایمیشن میں ایک فیصد سے بھی کم حصہ ہے لیکن موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے بہت زیادہ مشکلات کا سامنا ہے۔

اس میں کوئی دورائے نہیں کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے بداثرات سے متاثر ہونے والے ملکوں میں سرفہرست ہے جہاں بے موسمی بارشیں اور سیلاب کی تباہ کاریاں پوری دنیا کے سامنے ہیں جبکہ صوبہ پنجاب کے شہر لاہور کا دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں شمار ہوتا ہے جس کا ایئر کوالٹی انڈیکس کا گراف ہمیشہ بلندیوں کو چھوتا نظر آتا ہے جس کی وجہ سے یہاں کے عوام کو مختلف عوارض لاحق رہتے ہیں۔ چونکہ پاکستان کا شمار ان ترقی پذیر ممالک میں ہوتا ہے جو ان موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے' جبکہ پاکستان پھر بھی اپنے محدود وسائل کو بروئے کار لا کر موسمیاتی تبدیلیوں کے بداثرات کو کم کرنے کے اقدامات کر رہا ہے۔ اب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے سموگ کی روک تھام کیلئے بجٹ میں مزید اضافہ کیا گیا ہے جو خوش آئند ہے۔ نائب وزیراعظم نے درست باور کرایا ہے کہ عالمی تعاون کے بغیر پاکستان کیلئے موسمیاتی تبدیلی جیسے بڑے چیلنج سے نمٹنا ممکن نہیں' اس لئے کثیر الجہتی اداروں کو مضبوط بنانے کیلئے عالمی تعاون ناگزیر ہے۔

بزم درویش

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

خوشی کے آنسو

سفاک وبٹر سے مہنگی زندگی سے بھرپور روشن آنکھوں والا وہ شخص آج پھر میرے پاس آیا ہوا تھا جسے معمول وہ آج بھی کسی کام کے سلسلے میں نہیں آیا تھا نہ ہی زندگی کی تلخ حقیقتوں کا رونا رونے آیا تھا وہ ہمیشہ کی طرح بشاش بشاش خوش وخرم تھا البتہ اس کی موجود نعمتوں کا اسے شدت سے ادراک تھا اور جو کچھ بھی اس کے پاس نہیں تھا اس میں خدائے بزرگ و برتر کی حکمت سے بھی آگاہ تھا وہ ایک مطمئن شخص تھا کیمیں کلی ملالت اور عوام کش نظام پر اکثر افسردہ ہوجاتا ایک ہی دعا بار بار کرتا تھا کہ کسی طرح اجھی لیڈر شپ آجائے نظام حکومت انصاف پر کھڑا ہو جائے معاشرے میں موجود نفرت پر اکثر رنجیدہ ہوجاتا کہ مساجد جو کبھی امن کے پھول تقسیم کرتی تھیں اب نفاق اور فرقہ پرستی کی فصل کاشت کرتی ہیں فرقہ پرستی کا زہر انہی مسجدوں میں بویا جاتا ہے ہم کیسے مسلمان ہیں جو خدا کے گھر میں بیٹھ کر دوسرے مسلمانوں کو کافر قرار دیتے ہیں حالات کے ستم ظریفی دیکھیں کہ پولیس کی نگرانی کے بغیر ہم نماز اور جنازے ادا نہیں کر سکتے جہاں سے ایمان کے نور پھوٹنے تھے وہیں سے دہشت گردوں کی قطاریں برآمد ہوتی ہیں زندگی کی بنیاد دو دو اور دو اور باقی یہاں خالص نہیں ملتا یہاں لوگ حرارت اور مساجد میں چندیاں کرتے فائرنگ کرتے ہیں یہاں لوگ عرب اور حج کے نام پر فراڈ کرتے ہیں حرام جادوں کو اس سے جانے نماز نہ جانے ہیں پھاڑ کر یہ دوا ہیں چڑھانے کے لیے لوگ دو دو روپے پر بھوکی قسمیں کھا لیتے ہیں عدالتوں میں قرآن کی جھوٹی قسمیں کھانے والے تھتے کے تھتے ہوجاتے ہیں سیاہ کاروں کو قوت سے چوری کرتے ہیں جان پر جو کہ غلط آپریشن کر دیتے ہیں ہمارے ملک کے نام نہاد ملک سیاستدان قرآن اٹھا کر لوٹے بن معصوم بچوں کے مدارس پر بم گرا کر انہیں کا جو سولی کی طرح کاٹ ڈالتے ہیں ہماری جہالت سکرانی اپنا کیا ہوا ہے کہ ملک کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک ابھی تک صعبیت کے دائروں میں تقسیم نظر آتے ہیں 70 برس بعد بھی ہم مغوبل سندھی بلوچی پٹھان ہیں ہم آج تک پاکستانی نہیں بن سکے ہم کبھی لیول کے مسئلے پر اکٹھے نہیں ہو سکے ہماری دشمن پرتی ہمیں خرید مارتے رہے ہیں ہمارے پنجابیوں کو سندھی نہیں اور سندھیوں کو پنجابی نہیں آتی اطلاعیہ بھی کیا گیا۔ اسلام آباد اطلاعیہ "ایک ایسا گول انٹرکٹ فراہم کر سکے گا جو انصاف، شفاف تعاون اور مشترکہ ترقی کے فروغ کے لیے پارلیمانی تعاون کو تقویت دے گا۔

"عالمی بینکنگ خواہ وہ تنازعات ہوں، معاشی عدم استحکام، ماحولیاتی تبدیلی یا عدم مساوات یقیناً بڑے ہیں، لیکن یہ شراکت داری اور اجتماعی استقامت کے مواقع بھی فراہم کرتے ہیں۔ پاکستان کا اپنا تجربہ دہشت گردی کے خلاف قربانیاں، دفاعی آفات کے مقابلے میں حوصلہ اور جامع ترقی کے حصول کی جدوجہد ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ قومیں اس وقت مضبوط ہوتی ہیں جب وہ ایک دوسرے کے تجربات سے سیکھتی اور ایک دوسرے کا ساتھ دیتی ہیں۔ یہ کانفرنس صرف ایک تجربہ نہیں بلکہ یہ مشترکہ سفر کا آغاز ہے، ایک زیادہ منصفانہ، محفوظ اور پائیدار دنیا کی جانب گامزن ہے۔ امید واثق ہے کہ اسلام آباد میں ہونے والی یہ مشاورت' عالمی پارلیمانی سفارت کاری کو مضبوط بنانے اور ایک نئے باب کا نقش ثابت ہوگی اور آج ایسی ہی ایوانوں کے درمیان ایک ایسا پرپالی بنے گی جو محاکمے، انصاف اور باہمی ترقی پر استوار ہو۔ آئیں ہم سب مل کر یہ عزم کریں کہ یہاں سے شروع ہونے والا کام ایک مضبوط اور پرامن دنیا کی تعمیر کرنے کے عزم پر کاربند ہے۔ 'کانفرنس کے اختتام پر ایک مشترکہ

تحریر۔۔۔اسداللہ غالب

اسلام آباد میں دنیا بھر کے قانون سازوں کے اجتماع کی میزبانی پاکستان کیلئے باعث فخر اور اعزاز ہے۔ سینیٹ آف پاکستان کی میزبانی میں بین الپارلیمانی اسٹینڈر کانفرنس میں شریک ممتاز پارلیمانی ماہرین کا ہر تاک خیز عزم کیا گیا۔ اس اجتماع نے اس یقین کی عکاسی کی کہ تنازع جس کا بھی تعمیری مکالمہ امن کی راہ تعمیر کرتا ہے۔ مختلف پارٹیوں سے آئے اسٹینڈر اور فوڈ کی موجودگی اس امر کی علامت تھی کہ دنیا مشترکہ طور پر مکالمے، تعاون اور شراکت داری کے ذریعے عالمی چیلنجز کا سامنا کرنے کے عزم پر متحد ہے۔

کانفرنس کا موضوع "امن، سلامتی اور ترقی" تین الگ الگ نہیں بلکہ باہمی انحصار کے والے ستون ہیں جو عالمی استحکام کی بنیاد ہیں۔ آئی ایس پی کیا کردار ادا کر سکتی ہیں، سلامتی اور ترقی' تیقن پیدا، باہمی مکالمے پر یقین رکھنے والا اور آگے بڑھنے والا ملک ہے جو شمولیت، تعاون اور تہذیبوں کے درمیان کی فلیور کرنے کے عزم پر کاربند ہے۔ 'کانفرنس کے اختتام پر ایک مشترکہ

خوشی کے آنسو

یہی حال بلوچ اور پٹھانوں کا ہے بدنصیبی کا یہ عالم ہے کہ 70 برس بعد بھی ہمیں قطار باندھ کر آٹا لوگ آج بھی بجلی کے بل ایک دوسرے سے نمٹتی کرتے ہوئے ادا کرتے ہیں حج فارم کے لیے جو ہنگامہ ہوتا ہے وہ سب جانتے ہیں قانون کا یہ حال ہے کہ اس ملک میں بڑے سے بڑا مجرم کسی وقت بھی ملک کے سب سے بڑے عہدے پر بیٹھ سکتا ہے سرکلوں پر گاڑیاں ایک دوسرے کو روندتی ہوئی آگے بڑھتی ہیں اشارے پر لوگ اشارے کو توڑتے ہوئے اس شان سے دوڑ جاتے ہیں جیسے انہوں نے کوئی کارنامہ انجام دیا ہو ہم کیسے لوگ ہیں جو برادرے سے مناقشے کے لیے کریہ آس لگا لیتے ہیں کہ یہاں خوشحالی اور ترقی کی فصل تیار ہو گی اور پھر یہ توقع کرتے ہیں کہ وہ ہم پر کرم کرے گا مگر آج کے گھبوٹ فراڈ منافقت ہماری فطرت کا حصہ بن چکے ہیں ہم دوسروں کو دھوکہ دے کر تالیاں بجاتے ہیں اپنے ساتھ بیٹھے شخص کا روسن ہوا قادہ بالکل نہیں فکر مند تھا اس کو پاکستان اور یہاں کے عوام کو دعا تھی اس لیے اب ماں بیٹی دس دھکے کھنے کا ملنے نے خود کو اچھائی کے سانچے میں ڈھالنے کی پوری کوشش کی ہے اور دوا اس پر عمل کر کے اپنی پوری کوشش کرتا ہے کافی دریا میں کرنے کے بعد وہ ہمیشہ کی طرح بولا جناب میرے لائق کوئی حکم اور بھر جیت سے مل کر چلا جاتا تھا جسے اس سے پہلی ملاقات یاد آگئی اور وہ واقعہ بھی جس کے بعد میں اس کی بہت قدر کرتا ہوں وہ جسے زندہ دل معلوم ہوتا ہے وہ گلی ہوا ہو ریک انسان ہے وہ ہاؤس کا کلاؤڈ ہیں بلکہ یہ کردار اور خدمت خلق سے معاشرے میں محبت اور امن کے پھول کھلا جانے اسی طرح ایک دن یہ مجھ سے ملنے کے لیے آیا ہوا تھا اس زیادہ تھا اور وہ ہمیشہ کی طرح آرام سے ایک طرف اپنی گاڑی میں بیٹھا ہوا تھا کہ میں سب سے مل کر فرری ہو کر اس سے مل لوں اسی دوران ایک غریب عورت اپنی بیٹی کے ساتھ میرے پاس آئی ہوئی تھی عورت کی بیٹی بیمار تھی اللہ تعالیٰ نے اس کو شفا دی تو اب ماں اس کی شادی کرنا چاہتی تھی ماں بیٹی کے ٹیکڑی میں ملازمت کرتی تھیں ٹیکڑی مالک نے اعدارہ دیا کہ کچھ لڑکا دارالکفالہ ہوا تھا ماں بیٹی ٹیکڑی میں کئی سالوں سے کام کرتی تھیں میرے دل میں بہت محبت ہوگئی تھیں میں دن رات ان کے لیے دعا گو رہا اور پھر ایک دن وقفہ میں میرے پاس آیا اور کہا فلاں دن آپ فری ہیں پہلے تو ٹیلے مال مثل کرتا رہا لیکن میرے دل میں بہت محبت ہوگئی تھیں میں دن بھی کسی کھانے پر لے جانا چاہتا تھا میں نے انکار تو بہت کیا لیکن جس شدت اور التجا سے اس نے دعوت دی میں انکار نہ کر سکا اور پھر مقررہ دن نہ مجھے لینے آ گیا رات کا وقت تھا مجھے یہ تا نہیں رہا تھا کہ ہم کہر کس کے پاس جارہے ہیں اور پھر ہم لاہور کے نواحی اور پسماندہ علاقے میں آ گئے آخر ماری کا ایک شادی ہال کے سامنے رکی ہم دونوں شادی ہال میں داخل ہو گئے میں کونے میں بیٹھ گیا اب لوگوں کے فون سننا شروع کر دیئے یہ اب میرے ساتھی نے میزبانی شروع کر دی اور اس کے بندے بھی پہنچ گئے میرے ساتھ لڑکی والوں کے مہمان تھے بارات آئی نکاح ہوا اور پھر کھانا شروع ہو گیا کھانے کے بعد جب رخصتی کا وقت آیا تو میرے دوست نے مجھے آ کر کہا اور دلہن کو دعا دینے کے پاس لے گیا مجھے دلہن اور اس کی ماں جانی پہچانی لگیں آخر میں نے دونوں کو پہچان لیا تو وہی ماں بیٹی تھیں جو میرے پاس دعا کرانے آئیں تھیں لڑکی کی ماں بار بار اس صاحب کا شکر ادا کر رہی تھیں مجھے ساری بات سمجھ آ گئی یہ سارا انتظام اور شادی کے اخراجات اس شخص نے کیے تھے۔ میں نے اپنے ساتھ آئے شخص کو پکار کر اپنے سامنے کیا میری آنکھوں میں خوشی کے موتی جھلملا رہے تھے میں بولا جناب آپ جیسے جی لوگوں سے دنیا میں خوبصورت زندہ ہے آپ زندہ دل ہیں آپ پلیز میرے پاس آتے رہا کریں آج بھی جب میں اداس ہوا ہوں تو ماں بیٹی کا وہ مسکراتی آنکھیں میرے بالمن میں رنگ وفور اور خوشبو کے قافلے اتار دیتی ہیں۔

بین الپارلیمانی سپیکرز کانفرنس

۔بلاشبہ وزیراعظم پاکستان کا وژن ایک پرامن، باہمی ترقی سے ہے اور ترقی یافتہ عالمی معاشرے کی تشکیل پر مبنی ہے، پارلیمانی کو کردار محض قانون سازی تک محدود نہیں بلکہ امن، استحکام اور باہمی ترقی کے فروغ میں فعال شراکت داری پر مشتمل ہے۔ اسلام آباد میں ہونے والی عالمی کانفرنس نے پاکستان کے پارلیمانی تشخص، بین الاقوامی وقار اور علاقائی کردار کو مزید اجاگر کیا ہے۔

بین الپارلیمانی سپیکرز کانفرنس میں 40 سے زیادہ ملکوں کے سپیکرز، ڈپٹی سپیکرز اور پارلیمانی نمائندوں شرکت کی۔ بین الپارلیمانی سپیکرز کانفرنس میں سعودی عرب، قطر، کینیا، فلسطین، مراکش، روانڈا، مالدیپ، ملائیشیا، عمان، الجیریا، بلاروس اور سریالے کے وفود شریک ہوئے۔ سعودی عرب کا وفد سابق وزیر شوریٰ کونسل عبداللہ بن عدم گلاتھ کی سربراہی میں شریک ہوا۔ وفد کے دیگر ارکان میں سعودی شوریٰ کونسل کے رکن ڈاکٹر محمد باکھالی، رکن عبداللہ اطلاس اور ڈاکٹر معین المدنی بھی شامل تھے۔

یہ امر کانفرنس میں شامل کاحتمان' امن، سلامتی و ترقی" تھا کے موضوع پر تفصیلی مباحثہ خیال خیال کیا گیا ایسی دنیا کی سمت رونق ہے، جو خوف پر تعمیم ہے باہمی جڑے ہے اور ترقی یافتہ عالمی معاشرے کی تشکیل پر مبنی ہے، پارلیمانی کو کردار محض قانون سازی تک محدود نہیں بلکہ امن، استحکام اور باہمی ترقی کے فروغ میں فعال شراکت داری پر مشتمل ہے۔ اسلام آباد میں ہونے والی عالمی کانفرنس نے پاکستان کے پارلیمانی تشخص، بین الاقوامی وقار اور علاقائی کردار کو مزید اجاگر کیا ہے۔

بین الپارلیمانی سپیکرز کانفرنس میں 40 سے زیادہ ملکوں کے سپیکرز، ڈپٹی سپیکرز اور پارلیمانی نمائندوں شرکت کی۔ بین الپارلیمانی سپیکرز کانفرنس میں سعودی عرب، قطر، کینیا، فلسطین، مراکش، روانڈا، مالدیپ، ملائیشیا، عمان، الجیریا، بلاروس اور سریالے کے وفود شریک ہوئے۔ سعودی عرب کا وفد سابق وزیر شوریٰ کونسل عبداللہ بن عدم گلاتھ کی سربراہی میں شریک ہوا۔ وفد کے دیگر ارکان میں سعودی شوریٰ کونسل کے رکن ڈاکٹر محمد باکھالی، رکن عبداللہ اطلاس اور ڈاکٹر معین المدنی بھی شامل تھے۔

یہ امر کانفرنس میں شامل کاحتمان' امن، سلامتی و ترقی" تھا کے موضوع پر تفصیلی مباحثہ خیال خیال کیا گیا

اور اہم ممالک کے پارلیمانی سربراہان وعہدہ دین اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس عالمی امن و باہمی تعاون کے فروغ کے ضمن میں اہم سنگ میل ثابت ہوگی اور اس سے مختلف ممالک کے پارلیمانی وفود کے درمیان تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ کانفرنس کیمپز میں سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی صدارت میں اہم سیشن میں دوران اہم ممالک کے پارلیمانی رہنماؤں سے دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کے لیے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں بھی کیں۔ اسپیکرز کانفرنس میں شریک پارلیمانی وفود میں بنگلہ دیش، ایران، بحرین، کویت، سلطنت عمان، سوریہ، ایران، ترکمانستان، ازبکستان، کرغیزستان، تاجکستان، ترکیہ، آذربائیجان، مالدیپ، ملائیشیا، مراکش، الجیریا، روانڈا، سوریہ، سوڈان، سعودی عرب، قطر، فلسطین، کینیا، یمن، بلاروس، سریالے، یوگنڈا، زمبابوے، ایتھوپیا

لقیہ 1

رضا نصر بلوچ و ذیشان ذکی و ارکان کارکن ریلوے کالونی راولپنڈی

لقیہ 2

حفیظ سمیت پورٹ کے ممبران اور حفاظ سکیم افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسلام آباد میں جلد سیلاب زدگان کے لیے ہوسٹل بنانے کی تجویز دی گئی۔ اجلاس میں چیئرمین سی ڈی اے کو جلد پورٹ کو ایدھی ہیلپ کیلئے ایک ایمبولینس دینے کی تجویز دی گئی۔ اجلاس میں چیئرمین سی ڈی اے کو حفاظ کے لیے ایک ہوسٹل بنان

کھلا دلو گندم مہنگے داموں فروخت کرنے پر الحسیب غلہ مرچنٹ سیل کے بیج کے خلاف کارروائی

تحصیلدار چوہدری شفقت محمود اور نو تعینات پرائس انسپکٹر شاہ شبیر کی غلہ مرچنٹ کے خلاف کارروائی

تحصیلدار رانچ بنگ، چوہدری شفقت محمود اور نو تعینات پرائس انسپکٹر شبیر کی غلہ مرچنٹ بکخلاف کارروائی کر رہے ہیں

گئی چیکنگ کے دوران کھاد اور بیج مہنگے داموں فروخت کرنے پر الحسیب غلہ مرچنٹ کو کھاد اور گندم کے بیج کو مہنگے داموں فروخت کرنے پر سیل کر دیا گیا اور 40 ہزار جرمانہ بھی عائد کیا گیا تفصیلات کے مطابق تحصیلدار رانچ بنگ چوہدری شفقت محمود اور نو تعینات پرائس انسپکٹر شاہ شبیر نے شہر کا دورہ کیا دوسرے کے دوران سبزیوں، بکلوں اور غلہ مرچنٹ کی دکانوں کو چیک کیا گیا چیکنگ کے دوران الحسیب غلہ مرچنٹ کو کھاد اور گندم کے بیج کو مہنگے داموں فروخت کرنے پر سیل کر دیا گیا اور 40 ہزار جرمانہ بھی عائد کیا گیا تفصیلات کے مطابق تحصیلدار رانچ بنگ چوہدری شفقت محمود اور نو تعینات پرائس انسپکٹر شاہ شبیر نے شہر کا دورہ کیا دوسرے کے دوران سبزیوں، بکلوں اور غلہ مرچنٹ (تفصیل نمبر 3 0)

کندھ کوٹ میں غریب عورت پر بہیمانہ تشدد

ملزمان کی جانب سے جان سے مارنے کی دھمکیاں حکام سے انصاف کی اپیل

کشمور (سید رشید احمد شاہ) ضلع کشمور کے شہر کندھ کوٹ کے علاقے مسن موڑ میں ایک غریب اور بے سہارا عورت امی شیخ پر سنیدہ طور پر بہیمانہ تشدد کا واقعہ سامنے آیا ہے۔ متاثرہ خاتون کشمور (سید رشید احمد شاہ) ضلع کشمور کے شہر کندھ کوٹ کے علاقے مسن موڑ میں ایک غریب اور بے سہارا عورت امی شیخ پر سنیدہ طور پر بہیمانہ تشدد کا واقعہ سامنے آیا ہے۔ متاثرہ خاتون کے شوہر نے الزام عائد کیا ہے کہ چند بااثر افراد زمینی اس کے گھر میں گھس آئے، اسے مارا پیٹا اور جان سے مارنے کی سنگین دھمکیاں دیں، امی شیخ کے مطابق، برکت، امداد (تفصیل نمبر 3 2)

کھانے کا بل مانگنے پر گاہک کی ہوٹل ملازم پر فائرنگ، زخمی

ہوٹل کے ملازم رمضان نے عیدالاضحیٰ سے کھانے کا بل ادا کرنے کا تقاضہ کیا جس پر تلخ کلامی ہوگئی

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ وارث خان کے علاقے ڈھوک اچی بخش میں کھانے کا بل ادا نہ کرنے پر تلخ کلامی کے بعد ملزمان کی فائرنگ سے ہوٹل کا ملازم زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ملزم رمضان نے عیدالاضحیٰ کا بکرے کھانے کا بل ادا کرنے کا (تفصیل نمبر 3 3)

عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ

برینٹ کرُوڈ نیو چرز 8 جنٹ 0.12 فیصد کی کمی، 65.08 ڈالر فی بیرل پر آگئے

کراچی (این این آئی) عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔ برینٹ کرُوڈ نیو چرز 8 جنٹ 0.12 فیصد کی کمی سے 65.08 ڈالر فی بیرل پر آگئے۔ پچھلے سیشن میں خام تیل کی قیمتوں

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے برطانیہ کی نیشنل کرائم ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل گریم بکلر ملاقات کر رہے ہیں

تھانہ کراچی کمپنی میں گرینڈ آپریشن، دو مشکوک افراد تھانے منتقل

سرچ آپریشن کے دوران 12 افراد، 20 گیٹ باہر، 07 دکانوں، 04 گاڑیوں اور 12 موٹر سائیکلوں کو چیک کیا گیا

کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے تھانہ کراچی کمپنی کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشن کے دوران 12 افراد، 20 گیٹ باہر، 07 دکانوں، 04 گاڑیوں اور 12 موٹر سائیکلوں کو چیک کیا، جبکہ دو مشکوک افراد کو تھانہ منتقل کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کے اسپیشل برانچ ڈویژن کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا (تفصیل نمبر 3 6)

سرگودھا، تیز رفتار بس اور 22 ویلر ٹرالر کے تصادم

بس ڈرائیور اور ہوسٹس سمیت تین افراد جان کی بازی ہار گئے

سرگودھا (این این آئی) قومی شاہراہ موٹروے پر سرگودھا کے قریب تیز رفتار بس اور 22 ویلر ٹرالر کے تصادم میں بس ڈرائیور اور ہوسٹس سمیت تین افراد جاں بحق اور دو خواتین و بچے سمیت 12 مسافر شدید زخمی ہو گئے جن کو ریسکیو کے

لاہور میں سرعام ہوائی فائرنگ کرنے والا پولیس اہلکار گرفتار

کانسٹیبل غیر لائسنسی اسلحہ سے فائرنگ کرتا رہا، ایف آئی آر

لاہور (این این آئی) سندر کے علاقے سرعام ہوائی فائرنگ کرنے والے پولیس اہلکار شاہد کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ایس ایچ او سندر انسپکٹر امر اقبال کے مطابق اہلکار مجاہد اسکواڈ اکھوائی کے بھرتی کیا گیا۔ ایف آئی آر کے

پنجاب کی فضائی آلودگی میں خطرناک حد تک اضافہ

لاہور فیرمت میں دوسرے نمبر پر رہا، سموگ کی اوسط شرح 437 تک ریکارڈ

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کی فضائی آلودگی میں خطرناک حد تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ عالمی ماحولیاتی ویب سائٹ کے مطابق جمعرات کے روز صوبائی دارالحکومت لاہور آلودہ

8 بڑی ٹریفک خلاف ورزیوں پر بھاری جرمانے عائد

پبلک سروس وہیکل چلانے والے تابالغ کے لیے 50 ہزار، ہیوی گاڑی کے لیے 1 لاکھ روپے تک جرمانہ عائد کیا جائے گا

سب سے سخت سزا نابالغ ڈرائیونگ پر رکھی گئی ہے، موٹر سائیکل کیلئے 25 ہزار کار یا جیپ کیلئے 30 ہزار روپے جرمانہ ہوگا

دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں، سیٹ بیلٹ نہ باندھنے، نو پارکنگ، چینی گاڑی سے کوڑا پھینکنے پر بھاری جرمانے عائد ہو گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے موٹر وہیکل ایکٹ میں ترمیم کرتے ہوئے 8 بڑی ٹریفک خلاف ورزیوں پر بھاری جرمانے عائد کر دیے ہیں، سب سے سخت سزا نابالغ ڈرائیونگ پر 25 ہزار، کار یا جیپ (تفصیل نمبر 1 4)

اسلام پیپر فروخت کرنے کے اسکینڈل، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو شہاب اسلم انکوائری آفیسر مقرر

بھکوال (این این آئی) بھکوال شہر میں کھربوں روپے مالیت کی سرکاری اراضی کو چار روپے کے اسٹام پیپر پر فروخت کرنے کے اسکینڈل کا ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے جمعرات کو نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات کیلئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو شہاب اسلم کو انکوائری آفیسر مقرر کر دیا۔ ساجد ایوب ولد مرحوم محمد ایوب قریشی سائس بوٹی بازار بھکوال نے تحریری درخواست (تفصیل نمبر 4 2)

تھانہ سٹی پولیس کی کارروائی کی زیر حراست افراد سے ڈاکٹر گل رحمٰن برآمد

مدارس کی خودمختاری کو سپیڈ بریکرز کی کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دینگے

اگر حکومت نے آئینہ وخطبا کو اپنے زیر اثر بنانا چاہتے ہیں اس لئے رجسٹریشن فارم کو اکابرین نے مسترد کر دیا، علماء کرام

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے ممتاز دینی تنظیموں نے مدارس کے رجسٹریشن فارم کو مسترد کرتے ہوئے اعلان کیا کہ مدارس کی خود مختاری کو سبوتاژ کرنے کی کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دینگے ہم نے آئینہ وخطبا کو اپنے زیر اثر بنانا چاہتے ہیں اس لئے رجسٹریشن فارم کو اکابرین نے مسترد کر دیا، علماء کرام